# ساؤتھ کوریا کے وفد کی ملاقات

☆ اس کے بعد ساؤتھ کوریا سے آنے والے مہمان Mr. Yeongjin Shin صاحب نے حضورِ انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہِ العزیز سے ملاقات کی سعادت حاصل کی۔ موصوف پیشہ کے لحاظ سے ٹیچر ہیں۔ اور اسلام کے بارہ میں مزید سٹڈی کر رہے ہیں۔

☆ موصوف نے بتایا کہ میں نے جلسہ سالانہ کے پروگراموں اور حضورِ انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہِ العزیز کے خطابات سے بہت کچھ سیکھا ہے۔ اسلام کے بارہ میں مجھے بہت معلومات ملی ہیں اور میرے علم میں بے انتہا اضافہ ہوا ہے۔ اس سے قبل میں اس بارہ میں کچھ نہیں جانتا تھا۔ مجھے معلوم ہوا ہے کہ اسلام ایک امن و سلامتی کا مذہب ہے اور اس کا دہشتگردی سے کوئی تعلق اور واسطہ نہیں۔

☆ جلسہ کے انتظامات بہت اچھے تھے۔ بارش کے باوجود خدمت کرنے والے کارکنان نے سارے کام بخوبی سرانجام دیے اور کوئی کام بھی رُکا نہیں۔

☆ یہ ملاقات دو بج کر پچیس منٹ تک جاری رہی۔ بعد ازاں موصوف نے حضورِ انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہِ العزیز کے ساتھ تصویر بنوانے کا شرف پایا۔